روزنامہ
الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر21/اگست2006ء25رجب1427ہجری21ظہور1385ہش جلد56-91 نمبر186

جنت دوزخ کہاں ہیں

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا اگر جنت کی چوڑائی زمین وآسمان کے برابر ہے تو پھر دوزخ کہاں ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تو نے دیکھا نہیں کہ جب رات آتی ہے تو دن کہاں چلا جاتا ہے۔ اس نے کہا کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

(مستدرک حاکم کتاب الایمان جلد1ص92 حدیث نمبر:103)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اس جگہ ایک اور سوال ناواقفوں کی طرف سے ہوسکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جس حالت میں تیسرا عالم جو عالم بعث ہے مدت دراز کے بعد آئے گا۔ تو اس صورت میں ہر ایک نیک وبد کے لئے عالم برزخ بطور حوالات کے ہوا جو ایک امر عبث معلوم ہوتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ایسا سمجھنا سراسر غلطی ہے جو محض ناواقفی سے پیدا ہوتی ہے بلکہ خداتعالیٰ کی کتاب میں نیک وبد کی جزا کے لئے دو مقام پائے جاتے ہیں۔ ایک عالم برزخ جس میں مخفی طور پر ہر ایک شخص اپنی جزا پائے گا۔ برے لوگ مرنے کے بعد ہی جہنم میں داخل ہوں گے نیک لوگ مرنے کے بعد ہی جنت میں آرام پائیں گے۔ چنانچہ اس قسم کی آیتیں قرآن شریف میں بکثرت ہیں کہ بمجرد موت کے ہر ایک انسان اپنے اعمال کی جزا دیکھ لیتا ہے۔ جیسا کہ خداتعالیٰ ایک بہشتی کے بارے میں خبر دیتا ہے اور فرماتا ہے:۔..........

یعنی اس کو کہا گیا کہ تو بہشت میں داخل ہو اور ایسا ہی ایک دوزخی کی خبر دے کر فرماتا ہے:۔..........

یعنی ایک بہشتی کا ایک دوست دوزخی تھا جب وہ دونوں مرگئے تو بہشتی حیران تھا کہ میرا دوست کہاں ہے۔ پس اس کو دکھلایا گیا کہ وہ جہنم کے درمیان ہے۔ سو جزا سزا کی کارروائی تو بلا توقف شروع ہو جاتی ہے۔ اور دوزخی دوزخ میں اور بہشتی بہشت میں جاتے ہیں۔ مگر اس کے بعد ایک اور تجلی اعلیٰ کا دن ہے جو خدا کی بڑی حکمت نے اس دن کے ظاہر کرنے کا تقاضا کیا ہے کیونکہ اس نے انسان کو پیدا کیا تا وہ اپنی خالقیت کے ساتھ شناخت کیا جائے اور پھر وہ سب کو ہلاک کرے گا تا کہ وہ اپنی قہاریت کے ساتھ شناخت کیا جائے اور پھر ایک دن سب کو کامل زندگی بخش کر ایک میدان میں جمع کرے گا تا کہ وہ اپنی قادریت کے ساتھ پہچانا جائے۔ اب جاننا چاہئے کہ دقائق مذکورہ میں سے یہ پہلا دقیقۂ معرفت تھا جس کا بیان ہوا۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد10ص 407)

بیزاری کا اعلان

مکرم صاحبزادہ مرزا رفیق احمد صاحب ابن حضرت مصلح موعود کا یہ اعلان حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ملاحظہ کے بعد شائع کیا جارہا ہے۔

برادران!

ایک ضروری امر کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ شیخ کریم احمد صاحب اینڈ کمپنی آف کینیڈا کی گفتگو ٹیلی فون پر میرے ساتھ ہوئی جس کو غلط رنگ دے کر اور تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے انتہائی نازیبا اور توہین آمیز الفاظ سیدنا حضرت مسیح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے بارے ویب سائیٹ پر کہے ہیں۔ نیز پرکشش دعوت دی کہ اس گند میں شامل ہو جاؤں تو مجھے دنیاوی انعامات سے نوازا جائے گا۔ ان کو علم نہیں میری تو یہ حالت ہے کہ ایسی دولت کے انبار اور سونے کے خزانوں پر میں اس کو ترجیح دوں گا کہ میرے سامنے میری اولاد کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جائیں۔ ان دنیا کے کیڑوں کو پتہ نہیں کہ میری غیرت میرا ایمان کوئی طاقت خرید نہیں سکتی۔ لہٰذا میں ان سے مکمل بیزاری کا اعلان کرتا ہوں اور نظام خلافت وخلیفۂ وقت سے مکمل فرمانبرداری اور اطاعت کا اظہار کرتا ہوں۔ ان دنیا کے کیڑوں سے بات کر کے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ اللہ تعالیٰ میرے گناہ بخشے۔ استغفر اللّٰہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ۔

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 27۔ اگست 2006ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔ ضرورت منداحباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنا وقت حاصل کرلیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔ وزیٹنگ فیکلٹی کا اعلان دیکھنے کیلئے اس ویب سائٹ کو Visit کریں۔

www.foh-rabwah.org

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مجلس خدام الاحمدیہ لائبیریا (Liberia) کا
چوتھا سالانہ اجتماع

رپورٹ: جاوید اقبال ناگہ صاحب مربی سلسلہ لائبیریا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مجلس خدام الاحمدیہ لائبیریا کو 25-26 مارچ 2006ء کو اپنا چوتھا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اجتماع کے لئے منرووِیا (Manrovia) سے باہر Leahyan Town کو منتخب کیا گیا۔ یہاں کے خدام نے اجتماع سے قبل وقارِ عمل کے ذریعہ بانس کا بہت بڑا ہال تیار کیا اور اس کو پھولوں وغیرہ سے خوب سجایا۔ مکرم محمد احسان احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ نے اس حلقہ کی کئی مجالس کا دورہ کر کے خدام کو اجتماع کی اہمیت اور شمولیت کی طرف خاص توجہ دلائی۔

اجتماع کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم صدر صاحب نے خدام کا عہد دہروایا۔ بعد ازاں مختلف موضوعات پر لوکل ومرکزی مربیان نے تقاریر کیں جن میں احمدیت کیا ہے؟ احمدیت میں مالی قربانی کی اہمیت، خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں وغیرہ پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد نماز ظہر وعصر اور کھانے کا وقفہ ہوا۔

اجتماع میں خدام کی دلچسپی کو مزید بڑھانے کے لئے علمی وتربیتی تقاریر کے علاوہ کھیلوں کا بھی انعقاد کیا گیا۔ بعد از نماز عصر Boumi County اور Monstrads County کے درمیان دوستانہ فٹبال میچ ہوا جو ایک ایک گول سے برابر رہا۔

نماز مغرب وعشاء کے بعد رات گئے تک مجلس سوال وجواب ہوتی رہی۔ خدام نے بڑی دلچسپی لیتے ہوئے دین حق اور عیسائیت کے بارہ میں سوالات کئے

دوسرا دن

اجتماع کے دوسرے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ بعد از نماز فجر درس قرآن وحدیث ہوا۔ اور اس کے بعد وقفہ برائے ناشتہ ہوا۔ ناشتہ کے بعد Indoor Games ہوئیں جن میں خدام نے بڑی دلچسپی سے حصہ لیا۔

اجتماع کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز مکرم صدر صاحب مجلس کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم صدر صاحب نے عہد دہروایا۔ اس کے بعد نماز کی اہمیت، سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت اقدس مسیح موعود کی پاکیزہ زندگی کے موضوعات پر تقاریر ہوئیں۔

آج منرووِیا سے مکرم محمد اکرم باجوہ صاحب امیر و مربی انچارج بھی خدام کی حوصلہ افزائی کے لئے تشریف لائے اور خدام سے خطاب بھی فرمایا۔ مکرم امیر صاحب نے اپنے اختتامی خطاب میں خدام کو اپنی ذمہ داریاں کما حقہ ادا کرنے اور صحیح اور سچے خادم بننے کی طرف توجہ دلائی۔ مکرم امیر صاحب کے ہمراہ احمدیہ کلینک منرووِیا کے ڈاکٹر عبدالحلیم صاحب بھی تشریف لائے۔ انہوں نے اپنے مختصر خطاب میں خدام کی کوششوں کو سراہا۔ مکرم امیر صاحب نے جیتنے والے خدام میں انعامات تقسیم کئے اور اختتامی دعا کروائی۔

اس اجتماع میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے خدام کے علاوہ لجنہ اور انصار نے بھی بڑی دلچسپی سے شرکت کی۔ اس اجتماع میں پندرہ ٹاؤنز کے 125 افراد نے شرکت کی۔

احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ خدام کے اندر پاکیزہ تبدیلیاں پیدا فرمائے اور مجلس خدام الاحمدیہ لائبیریا کو دینی و دنیاوی ترقیات سے نوازے۔

(الفضل انٹرنیشنل 14 جولائی 2006ء)

❀❀❀❀❀

میاں بیوی کے تعلقات

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 6 فروری 2004ء میں فرماتے ہیں:

"میاں بیوی کے بہت سے جھگڑے ہیں جو جماعت میں آتے ہیں، قضا میں آتے ہیں، خلع کے یا طلاق کے جھگڑے ہوتے ہیں اور طلاق ناپسندیدہ فعل ہے۔ بہرحال اگر کسی وجہ سے مرد اور عورت میں نہیں بنی تو مرد کو حق ہے کہ وہ طلاق دے دے اور عورت کو حق ہے کہ وہ خلع لے لے اور بعض دفعہ بعض باتیں صلح کروانے والے کے سامنے بیان کرنی پڑتی ہیں۔ اس حد تک تو موٹی موٹی باتیں بیان کرنا جائز ہے لیکن بعض دفعہ ایسے ہوتا ہے کہ مرد اور عورت کے علاوہ دیگر رشتہ دار بھی شامل ہو جاتے ہیں جو ایک دوسرے پر ذاتی قسم کے الزامات لگا رہے ہوتے ہیں۔ جن کو سن کر بھی شرم آتی ہے۔ اب میاں بیوی کے تعلقات تو ایسے ہیں جن میں بعض پوشیدہ باتیں بھی ظاہر ہو جاتی ہیں۔ تو جھگڑا ہونے کے بعد ان کو باہر یا اپنے عزیزوں میں بیان کرنا صرف اس لئے کہ دوسرے فریق کو بدنام کیا جائے تا کہ اس کا دوسری جگہ رشتہ نہ ہو۔ تو فرمایا کہ اگر ایسی حرکتیں کرو گے تو یہ بہت بڑی بے حیائی اور خیانت شمار ہوگی اور خائن کے بارہ میں ان انذار آئے ہیں کہ ایک تو خائن مومن نہیں، (-) نہیں اور پھر جہنمی بھی ہے"۔

(روزنامہ الفضل 26 مئی 2004ء)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

❀ مکرم مرزا ناصر علی صاحب انسپکٹر تحریک جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے ایک بیٹی اور ایک بیٹے کے بعد مورخہ 31۔جولائی 2006ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت بچے کا نام عاشر علی عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم مرزا محمد شفیع صاحب مرحوم آف خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ کا پوتا اور مکرم مرزا رفیق احمد صاحب مرحوم آف لدھڑ کرم سنگھ ضلع نارووال کا نواسہ ہے۔ احباب سے دعاؤں کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچہ کو نیک سیرت، ذہین وفطین اور خادم دین بنائے۔ چونکہ پیدائش آپریشن کے ذریعہ ہوئی اس لئے خاکسار کی اہلیہ کیلئے بھی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

سانحہ ارتحال

❀ مکرم محمد احمد صاحب پراچہ آف اسلام آباد تحریر کرتے ہیں کہ میرے نانا مکرم شیخ محمد احسن پراچہ صاحب آف بھیرہ مختصر علالت کے بعد مورخہ 11۔اگست 2006ء کو 79 سال کی عمر میں خالق حقیقی سے جاملے۔ آپ کی نماز جنازہ بیت مبارک ربوہ میں محترم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے پڑھائی۔ مرحوم اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ مکرم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحوم اعلیٰ خوبیوں کے مالک تھے۔ کافی عرصہ بھیرہ جماعت میں بطور قائد خدام الاحمدیہ اور صدر جماعت خدمات بجالاتے رہے۔ فرقان بٹالین میں بھی خدمت کا موقع ملا۔ پسماندگان میں دو بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ آمین!

❀ مکرم وحید منظور میر صاحب ناظم صنعت وتجارت ضلع کراچی تحریر کرتے ہیں کہ میری نانی جان محترمہ برکت بی بی صاحبہ آف کوٹ امیر حسین جلالپور جٹاں ضلع گجرات مختصر علالت کے بعد بروز جمعرات 10۔اگست 2006ء کو بعمر تقریباً 108 سال اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہوگئیں۔ مرحومہ مکرم محمد یوسف بٹ صاحب صدر جماعت عالم گڑھ ضلع گجرات کی والدہ تھیں۔ مرحومہ بہت نیک اور پابند نماز پنجوقتہ تھیں۔ آخری بیماری سے پہلے تک پنجوقتہ نماز باقاعدگی سے ادا کرتی رہیں۔ تمام احباب سے شفقت سے پیش آتیں دعا گو خاتون تھیں۔ مرحومہ کی تدفین مقامی احمدیہ قبرستان میں ہوئی۔ مرحومہ نے 3 بیٹے اور 3 بیٹیوں کے علاوہ بہت سے پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں مرحومہ کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کیلئے اور جملہ لواحقین کیلئے صبر جمیل کی توفیق ملنے کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

اعلان داخلہ

❀ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور نے بی ایس (کمپیوٹر سائنس) آنرز چار سالہ ڈگری پروگرام میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم 15۔اگست 2006ء سے دستیاب ہیں اور فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 24۔اگست 2006ء ہے۔ درخواست فارم کالج کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ داخلہ ٹیسٹ مورخہ 31۔اگست 2006ء کو ہوگا۔ مزید معلومات فون نمبر (042-111-000-010) سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

❀ اقراء یونیورسٹی کراچی نے بیچلرز، ماسٹرز، ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی ڈگری پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 24۔اگست 2006ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبرز 021-5800891-021-5899905 پر رابطہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

گمشدہ کاغذات

ایک دوست کے موٹر سائیکل کے کاغذات کہیں گر گئے ہیں جن صاحب کو ملیں دفتر صدر عمومی میں جمع کروادیں۔ (صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

درخواست دعا

❀ مکرمہ فرخندہ چٹھہ صاحبہ چک نمبر 40۔جنوبی ضلع سرگودھا تحریر کرتی ہیں میرے بھائی مکرم شکیل احمد صاحب چٹھہ بعارضہ ٹائیفائیڈ وتکلیف معدہ بیمار ہیں۔ آج کل فضل عمر ہسپتال ربوہ میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

آرکیٹیکٹ مکرم بشیرالدین کمال صاحب

مغلیہ فن تعمیر اور روحانی دیوان عام وخاص کا تذکرہ

از افاضات حضرت مصلح موعود

قسط اول

فن تعمیر کی ضرورت انسان کو ہر دور میں رہی ہے کیونکہ سب سے پہلی ضرورت اس کو رہائش رکھنے کے لئے گھر کی تھی پھر عبادت کے لئے خداتعالیٰ کا گھر تعمیر کرنے کی ضرورت ہوئی پھر علاج کے لئے ہسپتال وغیرہ۔ اس طرح جوں جوں اس کی ضروریات بڑھتی گئیں۔ اس کو اپنی ضروریات کے مطابق عمارات تعمیر کرنی پڑیں۔ بعض حالات میں انسان نے ازخود ہی اپنی ضروریات کے مطابق عمارات تعمیر کیں لیکن جوں جوں ترقی ہوتی رہی اس فن کی سرپرستی بادشاہوں یا گورنمنٹ کی طرف سے بھی ہوتی رہی۔ لیکن ہر علاقے اور ملک کا فن تعمیر یا تعمیری ڈیزائن دوسرے علاقے یا ملک سے مختلف رہا۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے ہر ملک یا علاقے کے انسانوں کے نقش ایک دوسرے سے مختلف اللہ تعالیٰ نے بنائے لیکن اس کا اثر ساتھ والے علاقوں پر ضرور پڑا مثلاً چین اور جاپان اور تھائی لینڈ کے لوگوں کے نقش ایک دوسرے سے کافی حد تک ملتے ہیں لیکن ہندوستانیوں اور افریقیوں سے مختلف ہیں۔ اسی طرح جاپان، چین اور تھائی لینڈ کا تعمیری ڈیزائن ہندوستان کی عمارات یا تعمیری ڈیزائن سے مختلف ہے۔ پھر ہندوستان کی عمارات کا ڈیزائن مشرق وسطیٰ کے علاقوں سے مختلف ہے۔ جبکہ چین اور تھائی لینڈ وغیرہ کا تعمیری ڈیزائن کم وبیش آپس میں ملتا ہے۔

ہندوستان میں مغلیہ دور حکومت میں مغل بادشاہوں نے دل کھول کر اس فن کی سرپرستی کی اور مغلیہ دور میں بہت بڑی بڑی اور خوبصورت عمارات تعمیر کی گئیں۔ اس دور میں اس فن نے بہت ترقی کی۔ خدا کے گھر اور مقبرے اور دیگر بڑی بڑی عمارات میں ڈاٹ (Arch) اور گنبد کا استعمال کیا گیا۔ جس کی وجہ سے عمارات بہت دلکش اور خوبصورت تعمیر ہوئیں۔ ڈاٹ اور گنبد کا استعمال اس لئے بھی ضروری تھا کہ آج کے دور کی طرح سیمنٹ، سریا کا استعمال نہیں ہوتا تھا۔ جبکہ یہ پایا بھی نہیں جاتا تھا۔ مغل شہنشاہوں نے ایک لمبے عرصہ تک حکومت کی اور رعایا کے لئے سہولیات مہیا کرنے کی کوشش کی۔ مثلاً خدا کے گھر تعمیر کئے۔ مقبرے تعمیر کئے۔ قلعے تعمیر کئے۔ دیوان عام اور دیوان خاص۔ سرائیں۔ نہریں اور باغات اور نوبت خانے تعمیر کئے۔ مسجدوں میں بادشاہی مسجد، شاہ جہان مسجد، دہلی کی جامع مسجد۔ قلعوں میں لال قلعہ دہلی، شاہی قلعہ لاہور تعمیر کرایا گیا۔ ان قلعوں میں دیوان عام اور دیوان خاص وغیرہ تعمیر کئے گئے جو خوبصورتی کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہیں۔ ان تاریخی مغلیہ دور کی مساجد میں خوبصورت نقش ونگار کیا گیا ہے اور بڑی خوبصورتی کے ساتھ قرآنی آیات لکھی ہوئی ہیں۔ جس سے اس دور کے بادشاہوں کی مذہب کے ساتھ دلچسپی بھی ظاہر ہوتی ہے۔

ان بادشاہوں کو صحت کا بھی خیال تھا۔ اس ضمن میں انہوں نے خوبصورت باغات اور سیرگاہیں تعمیر کروائیں۔ جن میں خوبصورت سڑکیں جن کے درمیان فوارے وغیرہ لگائے گئے۔ جن کو دیکھ کر انسان یقیناً خوش ہوتا ہے۔ جیسے شالامار باغ۔ اس باغ میں تو آجکل بھی گورنمنٹ کی طرف سے بڑے بڑے غیرملکی صدران وغیرہ کو دعوت دی جاتی ہے۔ جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اتنے عرصہ کے بعد بھی یہ باغ دلکش ہے۔ رعایا اور مسافروں کی سہولت کے لئے سرائیں تعمیر کروائی گئیں اور کنویں کھدوائے گئے۔

دیوان عام میں بادشاہ اپنی رعایا کی شکایات سن کر فیصلے کیا کرتے تھے۔ بلکہ عدل جہانگیری تو بہت مشہور ہے۔ دیوان خاص میں بادشاہ اپنے وزیروں، مشیروں وغیرہ سے حکومت کے سلسلہ میں مشورے کیا کرتا تھا اور انعام واکرام بھی وہیں دیا کرتا تھا۔ بعض عمارات میں سرخ پتھر بڑی مہارت اور خوبصورتی کے ساتھ استعمال کیا گیا ہے اور بعض عمارات میں سفید پتھر یا سنگ مرمر جیسے تاج محل آگرہ میں جو کہ دنیا کا ایک عجوبہ ہے۔ بعض عمارات میں چھوٹی اینٹ استعمال کی گئی ہے جبکہ ان کی دیواروں کی موٹائی 2 سے 4 فٹ کے درمیان ہے۔ لیکن قلعوں کی دیواروں کی موٹائی سات آٹھ فٹ بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوتی تھی۔ چھت کی اونچائی 18 تا 20 فٹ تک رکھی گئی۔ جس کا فائدہ یہ تھا کہ عمارت گرمیوں میں اندر سے گرم نہیں ہوتی تھی۔ اینٹوں اور پتھروں کو جوڑنے کے لئے مسالہ نہایت محنت سے تیار کیا جاتا تھا۔ عمارات اپنی پائیداری کی ازخود گواہی دے رہی ہیں۔

ایک شخص جو فارسی الاصل ہے۔ لیکن عرف عام میں وہ مغل ہی کہلایا اس نے انسانیت کی تعمیر کی اور اس نے خداتعالیٰ کے یکتا ہونے کا درس دیا جو انسانیت کی تعمیر کی بنیاد ہے اور وہ شخص قادیان ضلع گورداسپور میں پیدا ہوا جس کا نام حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود ہے۔ آپ نے خداتعالیٰ کی وحدانیت کا اس طرح بھی ثبوت دیا کہ فرمایا کائنات میں ہر وہ چیز جو خداتعالیٰ کی پیدا کردہ ہے۔ اس میں کرویت ضرور پائی جاتی ہے جو کہ اس کے واحد ہونے کا ثبوت ہے۔

اور یہی کرویت آپ کو مغلیہ فن تعمیر میں ڈاٹ اور گنبد کی شکل میں ملے گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے عظیم الشان انکشافات

آپ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ وہ علوم ظاہری اور باطنی سے پُر کیا جائے گا۔ آپ نے ایک دفعہ سیر کے دوران مختلف قلعے۔ مقبرے، دیوان عام اور دیوان خاص اور دیگر عمارات کو دیکھا۔ اسی سیر کے دوران جبکہ آپ دہلی کے ایک قلعہ پر تھے تو آپ نے فرمایا ”میں نے پالیا، میں نے پالیا“ دوسرے لفظوں میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ پر انکشاف فرمایا کہ جس طرح دنیا میں آپ کو قلعے، دیوان عام، دیوان خاص، نہریں، مقبرے باغات وغیرہ تعمیر شدہ نظر آرہے ہیں اسی طرح روحانی طور پر مقبرے دیوان عام، دیوان خاص، قلعے، نہریں، نوبت خانے وغیرہ ہیں۔ جن کا آپ نے ذکر ”سیر روحانی“ کے نام سے جلسہ سالانہ پر مختلف تقاریر کی صورت میں کیا اور یہ تقاریر ”سیر روحانی“ کے نام سے چھپ چکی ہیں۔ ان میں سے صرف دو تین مثالیں مختصراً ازدیاد ایمان کے لئے پیش خدمت ہیں۔ پڑھئے اور اپنے ایمانوں کو تازہ کیجئے اور دعا کیجئے کہ ”ملت کے اس فدائی پہ رحمت خدا کرے“ جس نے ذاتی معارف بیان فرمائے۔

مقبرے

مغلوں نے مقبرے تعمیر کئے۔ جیسے جہانگیر کا مقبرہ، نورجہاں کا مقبرہ اور پھر تاج محل جو بہت مشہور مقبرہ عمارت ہے۔ لیکن ان کے مقابلہ میں ایک اور مقبرہ بھی ہے۔

ایک اور مقبرہ

آپ فرماتے ہیں:۔

”میں نے دیکھا کہ قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک اور مقبرہ بھی ہے اور اس میں وہ تمام باتیں پائی جاتی ہیں جو مقبرہ میں ہونی چاہئیں۔ چنانچہ اس میں لکھا تھا۔ (-) فرماتا ہے ہم نے انسان کو پیدا کیا فقدرہ پھر ہم نے انسان کے اندر اس کی پیدائش کے وقت ہی جس حد تک اس کا نشوونما ممکن تھا اس کے مطابق تمام طاقتیں اور قوتیں پیدا کردیں۔ اسے دماغ دیا، اور سیلز بنائے اور ہر سیل کے اندر بات کو محفوظ رکھنے کی طاقت پیدا کی۔ اسی طرح ہم نے اسے ذہانت دی اور اس ذہانت کے لئے اس کے دماغ کے کچھ حصے مخصوص کئے کچھ جرأت اور دلیری کے لئے مخصوص کئے۔ کچھ فہم کے لئے مخصوص کئے پھر ہاتھوں اور پیروں کو طاقت دی تاکہ وہ اپنا اپنا کام کرسکیں۔ معدہ کو طاقت دی کہ وہ غذا ہضم کرکے تمام اعضاء کو قوت پہنچائے۔ ہڈیوں کو طاقت دی۔ قویٰ کو طاقت دی غرض اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کرنے کے بعد اس کے قویٰ کا اندازہ مقرر کیا۔ اور ہر عضو کو اس کے مناسب حال طاقت دی تاکہ وہ خاص اندازہ کے مطابق ترقی کرسکے“۔ (سیر روحانی ص 190,191)

فطرت کے مطابق تعلیم

فرماتے ہیں:۔

”غرض اللہ تعالیٰ نے (-) شریعت کو ایسا بنایا ہے کہ ہر شخص ہر حالت میں اس پر عمل کرسکتا ہے اور کوئی بات ایسی نہیں ہے جس کے متعلق کہا جاسکے کہ انسان کے لئے اس پر عمل کرنا ناممکن ہے لیکن دوسری شریعتوں کا یہ حال نہیں ...... پھر ہماری غرض چونکہ اس تعلیم کے بھیجنے سے یہ تھی کہ انسان اس پر عمل کریں اور ہمارے انعامات کے مستحق ٹھہریں۔ اس لئے جب کوئی شخص عمل ختم کرلیتا اور امتحان کا پرچہ ہمیں دے دیتا ہے اور امتحان کا وقت ختم ہوجاتا ہے تو ہم اسے قبر میں ڈال دیتے ہیں۔ (سیر روحانی ص 193,192)

اصل قبر

ہر انسان کو خداتعالیٰ خود قبر میں ڈالتا ہے یہ مٹی کی قبر جس میں ہم انسان کو دفن کرکے آجاتے ہیں۔ یہ اصل میں مادی جسم کا ایک نشان ہوتا ہے۔ ورنہ اصل قبر وہی ہے جو خدا بناتا ہے۔ اس مادی قبر میں مردے کو دفن کرنے، گڑھا کھودنے، میت کو غسل دینے اور کفن پہنانے کا تمام کام ہمارے ذمہ ہوتا ہے۔ مگر اصلی قبر میں ڈالنے کا کام اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہوا ہے“۔
(سیر روحانی ص 193)

ثواب عالم برزخ کی قبر میں ملتا ہے

”جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ اس آیت میں قبر کا لفظ جو آتا ہے اس سے مراد وہ مقام ہے جس میں مرنے کے بعد ارواح رکھی جاتی ہیں خواہ مومن کی روح ہو یا کافر کی۔ سب کی روحیں اس مقام پر رکھی جاتی ہیں اور درحقیقت یہی قبر ہے جس میں ثواب یا عذاب ملتا ہے۔ وہ جو حدیثوں میں آتا ہے کہ مرنے کے بعد کافروں کو قبر کا عذاب دیا جاتا ہے۔ اس سے مراد یہی قبر ہے۔ ظاہر قبر مراد نہیں“۔ (سیر روحانی ص 194)

روحانی قبر میں انسان کے اعمال کو محفوظ رکھا جاتا ہے

”جب میں نے اس کے متعلق قرآن کریم پر غور کیا تو مجھے دکھائی دیا کہ قرآن کریم نے اس مشکل کا حل کیا ہوا ہے اور وہ بتاتا ہے کہ اس مقبرہ کے متعلق ہمارا قاعدہ یہ ہے کہ اس میں ہر شخص کا چھوٹا بڑا عمل لکھ کر رکھ دیا جاتا ہے اور اس طرح مقبرہ کی اصل غرض پوری ہوجاتی ہے۔ ...... یہاں چونکہ دوزخیوں کا ذکر ہے اس لئے فرماتا ہے ووضع الکتاب اور ان کے اعمال نامے ان کے سامنے رکھ دیئے جائیں گے اور جب انہیں معلوم ہوگا کہ ان کے سارے اعمال اس میں آگئے ہیں تو تو مجرموں کو دیکھے گا کہ وہ کانپنے لگ جائیں گے اور کہیں گے اوہو! جو اعمال ہم نے چھپائے تھے وہ تو آج سب ظاہر ہوگئے اور کہیں گے اے موت! تو کیسی میٹھی چیز ہے تو کیسی اچھی چیز ہے تو آ کہ ہم

مرجائیں اور اس ذلت اور رسوائی کو نہ دیکھیں مگر وہاں موت کہاں۔ پھر وہ کہیں گے یہ کیسی کتاب اور کیسا اعمال نامہ ہے کہ کوئی چھوٹا یا بڑا عمل نہیں چھوڑتی خواہ گھر میں کیا جائے خواہ باہر کیا جائے۔ خواہ بیوی بچوں کی موجودگی میں کیا جائے اور خواہ ان سے چھپ کر کیا جائے۔ خواہ دوستوں میں کیا جائے خواہ دوستوں کی عدم موجودگی میں کیا جائے۔ پھر چاہے وہ عمل کسی غار میں کیا جائے اور چاہے میدان میں اور جو کچھ انہوں نے کیا ہوگا سینما کی تصویروں کی طرح ان کے سامنے آجائے گا اور ان کے ہر عمل کی فلم ان کی آنکھوں کے سامنے سے گزرنے لگ جائے گی۔ گویا ان کے خلاف ڈبل شہادت ہوگی۔ ایک طرف تو ان کے اعمال کی فہرست ان کے سامنے پیش ہوگی اور دوسری طرف انہوں نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں سے جو کیا ہوگا اس عمل کی فلم بنا کر ان کے سامنے لائی جائے گی۔ اسی مفہوم کو اللہ تعالیٰ نے ایک اور مقام پر اس رنگ میں بیان کیا ہے کہ ان کے ہاتھ اور پاؤں ان کے خلاف گواہی دیں گے یعنی انسان کے اپنے ہاتھوں اور پاؤں وغیرہ سے جو جو اعمال کئے ہوں گے ان کو ظاہر کرنے کے لئے اعمال کے ریکارڈ پر گراموفون کی سوئی لگادی جائے گی جس سے ان کے اپنے گزشتہ اعمال کی تمام تفصیل ان کے سامنے آجائے گی...... اور تیرا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا وہ یہ نہیں کرسکتا تھا کہ بغیر حجت کے انہیں سزا دے اسی لئے وہ ایک طرف فرشتوں کو بطور گواہ پیش کرے گا جو اعمالنامہ ان کے سامنے رکھ دیں گے اور دوسری طرف اس کے اعمال کی فلم اس کی آنکھوں کے سامنے لائی جائے گی۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص کے عمل چھوٹے ہوں یا بڑے اس مقبرہ میں محفوظ رکھے جائیں گے تاکہ مقبرہ کی جو اصل غرض ہے کہ انسان کی گزشتہ زندگی کا نشان قائم رہے وہ پورا ہوگا"۔ (سیر روحانی ص200)

ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا

"......یہ تو معلوم ہوگیا کہ ہر شخص کے عمل محفوظ رکھے جاتے ہیں مگر کیا اس کے مطابق ہر شخص کا مقبرہ بھی بنایا جاتا ہے یا نہیں۔ اس کے متعلق جب ہم غور کرتے ہیں تو قرآن کریم سے ہی ہمیں اس کا یہ جواب ملتا ہے......

کسی شخص کو بھی اس کے اعمال کا اب تک پورا بدلہ نہیں ملا۔ لیکن ایک دن ایسا آئے گا کہ ہر ایک شخص کو اس کے اعمال کا اللہ تعالیٰ پورا پورا بدلہ دے گا کیونکہ وہ تمہارے اعمال کو اچھی طرح جانتا ہے۔

بعض دفعہ لوگ کسی معمولی ابتلاء پر ہی کہہ دیتے ہیں کہ یہ شامت اعمال کا نتیجہ ہے اور اس طرح وہ اس بات پر خوش ہو جاتے ہیں کہ جو سزا انہیں ملنی تھی وہ مل گئی ہے۔ اسی طرح مومنوں کو دنیا میں جو ترقی حاصل ہوتی ہے اس کو دیکھ کر بھی خیال کیا جاسکتا ہے کہ مومنوں کو جو انعامات ملنے تھے وہ مل گئے ہیں مگر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لما ہرگز نہیں۔ ابھی تک نہ مومنوں کو انعامات ملے ہیں نہ کافروں کو سزا ملی ہے۔ لما کے معنے یہ ہوتے ہیں کہ اب تک یہ فعل نہیں ہوا۔ اس آیت میں لما کا فعل حذف ہے۔

جو یوفوا اعمالھم ہے اور مطلب یہ ہے کہ ابھی تک انہیں ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ نہیں ملا۔ مگر ایک دن ضرور تیرا رب انہیں ان کے اعمال کا بدلہ دے گا۔ پس وہ تمام کام جو تم راتوں کو کرتے ہو۔ لوگوں سے چھپ کر کرتے ہو اور چاہتے ہو کہ لوگوں پر ظاہر نہ ہوں۔ اسی طرح وہ تمام کام جو تم لوگوں کے سامنے کرتے ہو ان تمام اعمال کو اگر توبہ قبول نہ ہوئی تو خدا تعالیٰ اس دن ظاہر کردے گا اور جس رنگ کے اعمال ہوں گے اسی کے مطابق مقبرہ دیا جائے گا"۔
(سیر روحانی ص202)

مرنے والوں کا صحیح مقام

خلاصہ یہ کہ اس انتظام میں ہر ایک کا مقبرہ ہے اور ہر ایک کا مقبرہ اس کے درجہ کے مطابق ہے اور یہی انتظام مقبروں کی غرض کو پورا کرنے والا ہے۔ اس میں صرف نام یا شہرت ظاہرہ کے مطابق مقبرہ نہیں بنتا بلکہ خالص عمل اور حقیقی درجہ کے مطابق مقبرہ بنتا ہے اور یہ مقبرے گویا مرنے والوں کے صحیح مقام کو ظاہر کرتے ہیں"۔ (سیر روحانی ص205)

پاک لوگوں کے مقبروں کی حفاظت کا انتظام

"جو دنیا کے مقبرے ہوتے ہیں ان میں اکثر یہ دیکھا جاتا ہے کہ مقابر پر کتے پاخانہ پھر جاتے ہیں...... مگر وہ مقبرے جو اللہ تعالیٰ بناتا ہے ان کی یہ حالت نہیں ہوتی بلکہ وہاں ہر شخص قابل عزت ہوتا ہے۔ اس کے مقبرہ کی حفاظت کی جاتی ہے اور صرف گندے لوگوں کے مقبروں کی حالت خراب ہوتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے...... جو نیک لوگ ہوں گے انہیں جنت میں جگہ دی جائے گی اور ان کے اعزاز کو ہمیشہ قائم رکھا جائے گا۔ کوئی ان پر الزام نہیں لگا سکے گا کوئی ان کی بے عزتی نہیں کرسکے اور کوئی ان کے درجہ کو گرا نہیں سکے گا"۔
(سیر روحانی ص206,205)

فرماتے ہیں:

"اس کے مقابلہ میں جو کافر ہیں ان کے متعلق فرماتا ہے...... جو کافر ہیں ان کے اموال خدا تعالیٰ کے مقابل پر کام نہیں آئیں گے۔ نہ اولاد کام آئے گی اور وہ ضرور آگ کا ایندھن بنیں گے...... یعنی ان کا مقبرہ تو آگ ہی ہے جن میں وہ ڈالے جائیں گے اور اپنے اعمال کی سزا پائیں گے"۔ (سیر روحانی ص206)

رشتہ داروں کو اکٹھا رکھنے کا انتظام

"فرمایا وہ جو اگلے جہان کا مقبرہ ہے اس میں ہر شخص اپنے اپنے درجہ کے مطابق خدا تعالیٰ کا انعام پائے گا مگر رشتہ داروں کے لحاظ سے ایک فرق ہے اور وہ یہ کہ جس کے ایسے رشتہ دار ہوں گے جن کے ساتھ وہ محبت سے رہ سکتا ہو اور جن کے عقائد اور خیالات سے وہ متفق ہو ایسے سب رشتہ داروں کو اکٹھا کر دیا جائے گا خواہ باپ ہوں، بیٹے ہوں، بیویاں ہوں اور فرشتے ان پر چاروں طرف سے داخل ہوں گے اور کہیں گے سلامتی ہو تم پر"۔ (سیر روحانی ص215)

دیوان عام

جس طرح مغل بادشاہوں نے دیوان عام تعمیر کئے اسی طرح قرآنی دیوان عام بھی ہے اور وہ اس طرح۔ حضور فرماتے ہیں:

"پھر میں نے دیکھا کہ مغل بادشاہ، پٹھان بادشاہ اور دوسرے بادشاہ جب دیوان عام میں بیٹھتے تو وہ مثلاً یہ اعلان کرتے کہ ہم فلاں کو وزیر مقرر کرتے ہیں فلاں کو اپنا نائب مقرر کرتے ہیں اور پھر ساتھ ہی یہ کہتے ہیں کہ ہم امید کرتے ہیں کہ وہ وفاداری سے حکومت کی خدمت بجالائے گا اور ہماری حکومت کو مضبوط اور مستحکم کرنے کے لئے اپنا تمام زور صرف کرے گا لیکن میں نے دیکھا کہ قرآن کریم جس دیوان عام کو پیش کرتا ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جب کسی گورنر یا خلیفۃ اللہ کے تقرر کا اعلان ہوتا ہے تو بجائے یہ کہنے کے کہ ہم امید کرتے ہیں تم ہماری حکومت کو مستحکم کروگے اور ہماری طاقت بڑھانے میں حصہ لوگے۔ بادشاہ یہ کہتا ہے کہ ہم تمہیں طاقت دیں گے۔ ہم تمہیں مستحکم کریں گے۔ ہم تمہارے رعب کو قائم کریں گے۔ چنانچہ میں نے دیکھا کہ پرانے زمانہ کے بادشاہوں کے مقابلہ میں قرآن کریم میں بھی ایک دیوان عام لگایا گیا اور تمام پبلک کو مخاطب کر کے کہا گیا...... اعلان ہوتا ہے کہ ہم اس دنیا میں ایک خلیفہ مقرر کر رہے ہیں اور اعلان ان الفاظ میں ہوتا ہے کہ ہم تمہاری طرف ایک رسول بنا کر بھیج رہے ہیں...... جو تم پر نگران رہے گا اور دیکھے گا کہ تم ہماری مرضی کے مطابق چلتے ہو یا نہیں...... اور یاد رکھو کہ ہمارا اس کو گورنر بنا کر بھیجنا کوئی نئی چیز نہیں بلکہ پہلے بھی ہم اپنے گورنر بھیجتے رہے ہیں اور لوگ غلطی سے ان کا انکار کرتے رہے ہیں اور ایسا نہ ہو کہ تم بھی وہی غلطی کرو اور اس انجام کو دیکھو جو پہلے لوگوں نے دیکھا...... اس وقت کے حاکم اور بادشاہ فرعون نے تکبر کیا اور موسیٰ کو ماننے سے اس نے انکار کیا...... اس پر ہم نے اس کو پکڑ کر تباہ و برباد کر دیا۔ پس جس طرح ہم نے فرعون کو تباہ کیا اگر تم ہمارے گورنر جنرل کی مخالفت کروگے اور اس کے مقابلہ پر فرعون والا طریق اختیار کروگے تو تم بھی تباہ کر دیئے جاؤ گے...... اگر تم نے بھی انکار کیا جس طرح فرعون نے موسیٰ کا انکار کیا تھا۔ تو تم کس طرح یہ خیال کرسکتے ہو کہ تم ہمارے عذاب سے بچ جاؤ گے۔ تم اس دن سے ڈرو جو جوانوں کو بوڑھا کردے گا۔ وہ دنیوی بادشاہوں کی طرح یہ نہیں کہتا کہ ہم اپنے گورنر سے یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ ہماری بادشاہت کو مضبوط کرے گا بلکہ فرماتا ہے کہ اس کی بادشاہت کو خود قائم کریں گے اگر تم اس کی مخالفت کروگے تو ہم تم پر عذاب نازل کریں گے کہ جس سے آسمان بھی پھٹنا شروع ہو جائے گا۔

زمین و آسمان کا فرق

کتنا زمین و آسمان کا فرق اس دیوان عام میں ہے۔ وہاں بادشاہ یہ کہتے ہیں کہ ہم فلاں کو اپنا نائب مقرر کرتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ ہماری طاقت کو مضبوط کرے اس لئے کہ وہ ہماری حکومت کو مستحکم کرے اس لئے کہ وہ ہماری جڑیں لگائے۔ مگر یہاں دیوان عام میں یہ اعلان ہوتا ہے کہ اے لوگو سنو! ہم محمد رسول اللہ ﷺ کو اپنا گورنر مقرر کر کے بھجواتے ہیں اگر تم اس کی فرمانبرداری نہیں کروگے تو ہم خود اس کو طاقت بخشیں گے اور خود اس کو قوت بخشیں گے اور اگر اس کا مقابلہ کرو گے تو ہم تمہیں ایسی سزا دیں گے کہ زمین تو زمین آسمان کا کلیجہ بھی شق ہو جائے گا اور کوئی طاقت نہیں جو ہمارا مقابلہ کرسکے۔ (سیر روحانی ص351)

افضال احمد رؤف صاحب

چبالے (یوگنڈا) کے مشن ہاؤس اور احمدیہ سکول کے ایک بلاک کا افتتاح

مورخہ 26 جون 2006ء کو مساکا زون جماعت ہائے احمدیہ یوگنڈا میں حال ہی میں چبالے کے مقام پر مکمل ہونے والے دو پراجیکٹس (مشن ہاؤس اور احمدیہ سکول کے کلاس روم بلاک) کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔

اس افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی محترم مولانا عنایت اللہ صاحب زاہد امیر و مشنری انچارج یوگنڈا تھے اسی طرح گورنمنٹ آفیشلز میں علاقہ کے LCV` ICIII چیئرمین اور RDC کے نمائندہ بھی موجود تھے۔ یوگنڈا کے دو اہم ریڈیو سٹیشن ریڈیو CBS اور ریڈیو Budu اسی طرح یوگنڈا میں سب سے زیادہ پڑھے جانے والے اخبار نیو ویژن کے نمائندگان بھی موجود تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا، پھر نظم پڑھی گئی، مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ بعدہ گورنمنٹ آفیشلز نے ان پراجیکٹس کی تکمیل پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور علاقہ میں جماعتی خدمات کو سراہا۔

آخر میں مکرم امیر صاحب نے خطاب کیا۔ اور دعا کروائی۔ چبالے (Kibaale) جماعت نے مہمانان گرامی کی تواضع کیلئے عمدہ کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا اس تقریب میں سکول کے 600 طلباء کے علاوہ 400 افراد نے بھی شرکت کی۔

ریڈیو CBS اور ریڈیو Budu نے اسی روز رات کو اور اگلے روز تین دفعہ بڑی تفصیل سے افتتاحی تقریب کی خبر نشر کی اور اخبار نیو ویژن نے مورخہ 5 جولائی 2006ء کو تفصیلی خبر معہ تصاویر شائع کی۔

چوہدری محمد رشید صاحب

میرے والد مکرم محمد اسماعیل صاحب خوشنویس

جن کو روحانی خزائن اور تذکرہ کی کتابت کی سعادت ملی

قادیان دارالامان میں جہاں ہر آن روحانیت کی خوشبو ترقی پذیر رہتی تھی، وہاں ہمارے اباجان منشی محمد اسماعیل صاحب خوشنویس نے 1930ء یا 1931ء میں سکونت اختیار کرلی اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کے لٹریچر کی کتابت کو اپنا ذریعہ معاش بنایا۔

حضرت مسیح موعود کی کتب اور لٹریچر شائع ہوتا رہتا تھا۔ مخالفین کے اعتراضات کے جوابات دینے کے لئے فوری طور پر کوئی نہ کوئی مضمون شائع ہونا ضروری ہوتا تو سب کام چھوڑ کر اس کی کتابت کرنی پڑتی۔ لہٰذا ایک دفعہ مخالفین کے جلسے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اباجان کو قصر خلافت میں بمع قلمدان بلوایا اور راتوں رات جواب لکھ کر ساتھ ساتھ کتابت کروا کر صبح کو شائع فرمادیا۔ اگلے دن پھر وہی حضرت مسیح موعود کی کتب کی کتابت شروع ہوگئی۔

پارٹیشن کے بعد ہمارے اباجان نے پاکستان میں بھی جماعتی لٹریچر کی کتابت جاری رکھی۔ کچھ دیر کے لئے روزنامہ ''الفضل'' سے بھی منسلک رہے۔ حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس کو حضرت مصلح موعود نے الشرکۃ الاسلامیہ کا انچارج مقرر کرکے حضرت مسیح موعود کے لٹریچر کو روحانی خزائن کی صورت میں شائع کرنے کے لئے ارشاد فرمایا تو مکرم شمس صاحب نے اباجی کو ان خزائن کی کتابت کے لئے اپنے ساتھ شامل کیا۔ چنانچہ حضرت مولانا شمس صاحب والد صاحب کے ساتھ اسی محبت اور دلداری کے رویہ کے پیش نظر روحانی خزائن کی کتابت کے دنوں میں اباجی کی درخواست پر ہمارے گاؤں فیروز والا ضلع گوجرانوالہ تشریف لائے اور ہماری ایک ہمشیرہ کا نکاح پڑھایا۔ اباجی اپنے کام کو باعث افتخار سمجھتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسا پاکیزہ ذریعہ معاش عطا فرمایا کہ خلیفہ وقت کی تصنیفات کی کتابت کی سعادت بخشی جس میں آپ کے الہامات اور رویا وکشوف بھی درج ہوتے تھے۔ خاص طور پر جب اباجان کو تذکرہ کی کتابت کی سعادت حاصل ہوئی تو آپ کی خوشی کا ٹھکانہ نہ تھا۔ فرمایا کرتے تھے ''دیکھو مجھے حضرت مسیح موعود کا کاتب الہام بننے کی سعادت حاصل ہوگئی ہے''۔ بعد میں روحانی خزائن کا یہی ایڈیشن خلافت رابعہ میں لندن سے آف سیٹ پر شائع ہوا۔

اباجان کو حضرت مسیح موعود کے کلام سے اتنا عشق تھا کہ حضور کے ایک شعر ؎

جو خاک میں ملے اسے ملتا ہے آشنا
اے آزمانے والے یہ نسخہ بھی آزما

پر ظاہری طور پر عمل کرتے ہوئے ایک ایسی جگہ پر جہاں کوئی نہ دیکھ سکے خاک بکھیر کر اور انتہائی مختصر لباس پہن کر اس پر لیٹے اور اپنے آپ کو خاک میں ملا کر خدا کے حضور اپنی عاجزی کا اظہار کیا۔ یہ بات گھر والوں کو معلوم نہ تھی۔ اباجی کی وفات پر تعزیت پر آئے ہوئے لوگوں کے سامنے مکرم مسعود دہلوی صاحب سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے بتائی۔ اباجی الفضل میں ہیڈ کاتب تھے۔ اپنے دوستوں کو پتہ نہیں اپنی مجذوبیت کی کون کون سی باتیں بتائیں۔ اپنے گھر والوں کو ایسی باتیں بتانے میں حجاب محسوس کرتے تھے۔

خاندان حضرت مسیح موعود سے انتہائی محبت کرتے تھے۔ حضرت میاں بشیر احمد صاحب اور حضرت میاں عزیز احمد صاحب سے اکثر ملاقات کرتے رہتے اور دعا کے لئے عرض کرتے۔ خاکسار کو بھی ملوایا کرتے تھے۔ روحانی خزائن کی کتابت کے دنوں میں انہیں دائیں ٹخنے کے اوپر چنبل کی اتنی شدید تکلیف تھی کہ چھری سے کھجلاتے اور ٹخنے کے اوپر خون نکل آتا۔ ایک صبح فرمانے لگے، الحمدللہ اب آرام ہوجائے گا۔ گھر والوں نے پوچھا کہ کیسے؟ فرمایا کہ آج رات حضرت میاں بشیر احمد صاحب خواب میں ملے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ ''اسماعیل! پریشان کیوں ہوتے ہو؟ رائی اور تارا میرا گھوٹ کر لگاؤ تو ٹھیک ہوجاؤ گے''۔ چنانچہ اباجان نے یہی نسخہ استعمال کیا تو ہفتہ دس دن میں ٹھیک ہوگئے اور سالہا سال پرانی چنبل کا بعد میں نشان بھی نظر نہ آیا۔ اسی طرح حضرت مرزا عزیز احمد صاحب کو دیکھتے ہی دور سے السلام علیکم کہتے ہوئے ان کی طرف لپک کر جاتے۔ حضرت میاں صاحب بڑی شفقت سے پوچھتے کہ بھائی کیسے ہو؟ اباجان نہایت انکساری سے عرض کرتے ''میاں صاحب مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ آپ حضرت مسیح موعود کے اس فرزند کے فرزند ہیں جس کے بارے میں حضور نے فرمایا کہ ''سلطان کے سر پر عزیز کا سایہ ہے''۔ میاں صاحب انتہائی انکسار سے فرماتے ''بھائی! یہ حضرت مسیح موعود کی ہی برکت ہے۔ ورنہ میرے جیسے سینکڑوں عزیز احمد پڑے ملتے ہیں''۔ سبحان اللہ، کیسے اعلیٰ انکسار کا نمونہ تھے۔

ان کی خدمت کی بدولت ہی اللہ تعالیٰ نے ان کے تینوں بیٹوں کو کسی نہ کسی رنگ میں خدمت سلسلہ کی توفیق دی۔ چنانچہ 1953ء میں جماعت کے خلاف لاہور میں فسادات ہوئے تو ''الفضل'' کی اشاعت بھی بند کردی گئی۔ کچھ عرصہ کے بعد دوبارہ شائع کرنے کی اجازت مل گئی تو شام چار بجے کے قریب مولانا محمد شفیع اشرف صاحب مربی سلسلہ تھے۔ میرے پاس جودھامل بلڈنگ لاہور میں، جہاں میں ان دنوں مقیم تھا، تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ ''الفضل'' صبح کو شائع کرنا ہے۔ کوئی غیر از جماعت کاتب لکھنے کو تیار نہیں اور یہ کام راتوں رات تم نے کرنا ہے کہ اس کی کتابت ہوکر کاپی صبح سے پہلے پریس میں پہنچ جائے۔ آخر تم اتنے بڑے خوشنویس کے بیٹے ہو، کچھ تو اپنے والد سے سیکھا ہی ہوگا۔ بات تو صرف خدمت کی تھی جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس احقر العباد کو سعادت بخشی کہ اس نے خود لہو لگا کر شہیدوں میں نام لکھ لیا۔ اس رات صبح سے پہلے کاپی پریس میں چلی گئی۔

خاکسار کے سب سے بڑے بیٹے اور مکرم منشی محمد اسماعیل صاحب کے سب سے بڑے پوتے ڈاکٹر محمد بشیر پہلے چار سال سے زیادہ عرصہ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں خدمات بجالانے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشاد پر گھانا نصرت جہاں ہسپتال میں خدمت دین کے لئے متعین رہے۔ جہاں تقریباً گیارہ سال خدمات بجالانے کی توفیق پائی۔ بعد ازاں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ دورہ افریقہ کے دوران جب گھانا تشریف لے گئے تو آپ کے ارشاد پر کہ ڈاکٹر بشیر تمہاری فضل عمر ہسپتال میں ضرورت ہے۔ تقریباً ایک سال سے دوبارہ فضل عمر ہسپتال میں خدمت میں مصروف ہیں۔ یوں اباجان کی خدمت سلسلہ ایک صدقہ جاریہ کے رنگ میں ان کی تیسری نسل برکات حصول کا ذریعہ بن رہی ہے۔

اسی طرح خاکسار کے سب سے چھوٹے بیٹے کافی عرصہ سے حلقہ G-8/3-4 اسلام آباد کے صدر کے طور پر خدمت بجالا رہے ہیں اور کافی مستعد ورکر ہیں۔

مجھ سے چھوٹے بھائی چوہدری محمد ارشد کاتب تو سلسلہ کے مستقل ملازم ہیں اور اب تک ریٹائرمنٹ کے بعد بھی کسی نہ کسی شعبہ میں خدمات بجالا رہے ہیں۔ سب سے چھوٹے بھائی مبارک احمد ایم ایس سی (فزکس) بھی کافی عرصہ افریقہ میں بطور معلم خدمات بجالاتے رہے۔ آسوکورے (گھانا) کا احمدیہ ہائی سکول مبارک صاحب نے شروع تعمیر سے ہی سنبھال لیا اور پہلے داخلے بھی انہی کے بطور ہیڈ ماسٹر تقرر کے بعد شروع ہوئے۔ جب حضرت مرزا مسرور احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) کا تقرر سلاگا (گھانا) کے سکول میں بطور معلم ہوا تو عزیزم مبارک احمد وہاں ہیڈ ماسٹر تھے اور انہی سے حضور نے چارج لیا تھا۔

حضرت مسیح موعود کے اردو اور فارسی اشعار تو اباجان اپنی آخری عمر میں بڑے مزے لے لے کر پڑھتے ہی رہتے تھے۔ کبھی شیخ سعدی کے بھی چند اشعار گنگنانے لگتے تھے۔ اپنی وفات سے صرف چند گھنٹے پہلے 28 رمضان المبارک بمطابق 14 دسمبر 2001ء کو شام پانچ بجے کے قریب میرے سب سے چھوٹے بیٹے عبدالمعظم صدر حلقہ G-8/3-4 اسلام آباد اور دیگر پوتے نواسے اباجان کو گھیرے بیٹھے تھے کہ ہمیں شعر سنائیں۔ اباجان فارسی اشعار سنا رہے تھے اور بچے بضد تھے کہ اردو کے اشعار سنائیں۔ چنانچہ ایک آدھ اردو شعر سنا کر بچوں کو راضی کیا۔ شام کا ہلکا پھلکا کھانا کھا کر سو گئے۔ سحری کے وقت جب اباجان کو چائے دینے کے لئے ان کی پوتی ان کے کمرے میں گئی تو پتہ چلا کہ 29 ویں رمضان کی سحری کے وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے پاس بلا لیا ہے۔ اسی شام بعد از نماز عصر بیت مبارک ربوہ میں ان کا جنازہ پڑھا گیا اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ) نے دعا کروائی۔ اللہ تعالیٰ اباجان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہر ایک کو امام وقت سے محبت اور عشق عطا فرمائے۔ آمین

بیرن جانسان جیکب برزیلیئس

1779ء تا 1848ء

جس طرح لوگ اکثر تبدیلیوں کو جلدی قبول نہیں کرتے، ویسے ہی وہ سائنسدان جنہوں نے قدیم تعلیمات حاصل کی تھیں، اپنے کام کو نئے انداز سے کرنے پر آمادہ نظر نہیں آتے تھے۔ چنانچہ جان ڈالٹن جیسے قابل ترین شخص نے برزیلیئس کی تجاویز کو ''دہشت ناک'' گردانا اور دوسرے کیمیادانوں کا رویہ بھی معاندانہ تھا۔ اس قسم کے ردعمل کے باوجود برزیلیئس کے عملی کام نے بہت زیادہ اثر پکڑنا شروع کردیا۔ جلد ہی بااثر سائنسدانوں نے عناصر کے ناموں کے لئے لاطینی حروف استعمال کرنا شروع کردیئے۔ لہٰذا برزیلیئس اپنی باوضع اور انتہائی اہمیت کی حامل علامات پر فخر کرسکتا تھا جنہیں بعد میں بین الاقوامی حیثیت حاصل ہوگئی۔ ہر سائنسی اجتماع میں برزیلیئس کا نام وقوع پذیر ہونے لگا۔ نئے عناصر کی دریافت کی وجہ سے اس کی شہرت کو چار چاند لگ گئے۔ اس کے دریافت کردہ عناصر یہ تھے۔ تھوریم، سیریئم اور سلینیم۔ وہ پہلا سائنسدان تھا جس نے سلیکون کو اس کی ابتدائی شکل میں تیار کیا اور زرکونیم کو علیحدہ کیا۔ تاہم بدقسمتی اور بیماری نے اس کے قدم لڑکھڑا دیئے۔ لیبارٹری میں ہونے والے ایک بڑے دھماکے نے اسے مہینوں کے لئے ہسپتال پہنچا دیا۔ اس حادثے سے اس کی بینائی پر بھی اثر ہوا اور وہ تقریباً نابینا ہوگیا۔ اکثر اس کے سر میں شدید درد اٹھتا اور اسے یقین ہوگیا کہ یہ درد اسے چاند کی مختلف حالتوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ دیوانہ ہوگیا ہو اور اس میں کوئی روح اتر آئی ہو۔ جب نیا چاند پورا ہوتا تو صبح آٹھ بجے سے رات آٹھ تک برزیلیئس پر سر درد کا شدید حملہ ہوا کرتا تھا۔

برزیلیئس نے دو ہزار سے زائد کیمیاوی مادوں پر انتہائی محنت سے تحقیقات کیں۔ یہ کام اس نے 1826ء میں کیا اور اس کی دریافتیں جو اس نے اپنی پرانی تجربہ گاہ میں نامکمل آلات اور کیمیائی اجزاء کی مدد سے کی تھیں، حیران کن حد تک درست اور معیاری تھیں۔

انسانی جسم کے عناصر اربعہ اور کالا یرقان۔ ہیپاٹائٹس سی

حکیم قاضی نذر محمد صاحب

یونانی نظریہ طب کے مطابق جسم انسانی چار اجزاء سے مرکب ہے۔ ہوا۔ پانی۔ آگ اور مٹی طبی اصطلاح میں انہیں اخلاط اربعہ کہا جاتا ہے اور ان کا نام خون۔ بلغم۔ صفراء اور سوداء رکھا گیا ہے جن کا مزاج یہ ہے۔

خون۔ گرم تر۔
بلغم۔ سرد تر
صفراء۔ گرم۔ خشک
سوداء۔ سرد خشک

ان اخلاط کے جسم انسانی میں متوازن ہونے کا نام صحت اور غیر متوازن ہونے کا نام مرض ہے۔

چونکہ اخلاط اغذیہ (خوراک) سے تیار ہوتے ہیں۔ لہٰذا صحت مند رہنے کیلئے اغذیہ (خوراک) کا اعتدال سے استعمال ضروری ہے۔

جس خلط کا انسانی جسم میں غلبہ ہوگا۔ اس کی علامات آنکھوں سے ظاہر ہوں گی۔ مثلاً اگر صفراوی خلط (گرمی خشکی) کا غلبہ ہے تو آنکھیں زرد (پیلی) ہوں گی جس کو پیلا یرقان کہتے ہیں اور یہ اس چیز کی علامت ہے کہ جسم انسانی میں گرمی اور خشکی بڑھ گئی ہے اس کا علاج یہ ہوگا کہ انسانی جسم میں سردی اور تری پیدا کی جائے اس لئے مندرجہ ذیل چیزیں کھائیں۔ انار۔ کھیرا۔ آلو بخارا۔ املی۔ گنا۔ مالٹے۔ تربوز۔ لسی شربت بزوری۔ باردو غیرہ خدا کے فضل سے صحت ہوگی۔

اسی طرح اگر خون کی خلط کا غلبہ ہے تو آنکھوں کا سفید حصہ سرخی مائل ہوگا اور جسم انسانی میں گرمی تری کا غلبہ ہوگا اور بلغمی خلط کے غلبہ کی صورت میں آنکھوں کا سفید حصہ مزید سفید اور بھسا ہوگا انسانی جسم میں سردی تری ہوگی۔

کالا یرقان

اب رہ گئی خلط سوداوی کے غلبہ کی بات جو دراصل کالا یرقان انسانی جسم میں اس خلط کے غلبہ کی صورت میں سردی اور خشکی کا غلبہ ہوتا ہے۔

چونکہ اجسام حرارت سے پھیلتے اور سردی سے سکڑتے ہیں اس لئے انسانی جسم میں مندرجہ ذیل علامات ظاہر ہوں گی جسم میں سکیڑ پیدا ہوگا۔ جگر سکڑ جائے گا خون گاڑھا اور ٹھنڈا ہو جائے گا دوران خون سست ہو جائے گا جس کی وجہ سے حرارت غریزی (قوت حیات) کم ہو جائے گی۔ بلڈ کم ہوگا۔ معدہ میں سردی خشکی کی وجہ سے کھایا پیا جلدی ہضم نہ ہوگا تبخیر معدہ ہوگی قبض اور پیٹ میں ریح پیدا ہوگی اجابت کی بار بار ضرورت ہوگی جسم کی رنگت میلی ہو جائے گی آنکھیں سیاہی مائل ہوں گی۔ چہرہ بے رونق اترا ہوا اور بعض کے چہرہ پر چھائیاں ظاہر ہوں گی۔ نبض پتلی کمزور اور سست ہوگی مزاج، چڑچڑا۔ تنہا پسندی وہم، وساوس سوچ بچار اور کمزوری اعصاب ہوگی۔

علاج

اب اس کا علاج یہ ہوگا کہ گرم اور تر مزاج رکھنے والی چیزیں کھائی جائیں تا کہ سردی، خشکی دور ہو۔

خوراک

شوربہ کالے چنے، شوربہ مرغا، شوربہ چھوٹا گوشت شوربہ شلجم، مولی، مچھلی، ساگ، کریلے، بینگن، مونگرے، چونگاں، پالک، کالی توری، دیسی ٹینڈا، کدو، ٹماٹر، پیاز، ادرک، تھوم، خربوزہ، میٹھا آم، کھجور، خشک روٹی، اور دلیا وغیرہ کھائیں۔

پرہیز

دودھ، لسی، چاول، دہی پراٹھا، ستو، ملک شیک دودھ سوڈا، فروٹ چاٹ، برف، بڑا گوشت، آلو، گوبھی مٹر، اروی، بھنڈی توری، دال ماش، دال چنے، لوبیا، شکرقندی، گنا، تربوز، کنو، مالٹا، کھیرا، کیلا، انار، آڑو، خوبانی، جاپانی پھل، ترش آم (تقریباً سارا فروٹ ہی خلاف جاتا ہے) اس کے علاوہ دیگر وائی بادی اور ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز کریں۔

اگر مندرجہ بالا گزارشات کو مدنظر رکھیں تو خدا کے فضل سے بغیر کسی اور علاج کے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

پھکی

درج ذیل پھکی بنا کر استعمال میں لاویں۔

اجوائن 50 گرام، پودینہ 50 گرام، زیرہ سفید 50 گرام، سنڈھ 50 گرام، تمہ 50 گرام پنیر ڈوڈی 50 گرام ریوند خطائی 50 گرام مرچ سیاہ 50 گرام نوشادر 50 گرام نمک سیاہ 100 گرام نمک لاہوری 200 گرام

کوٹ چھان کر باہم ملا لیں۔ بڑوں کیلئے ایک ماشہ کھانے کے بعد ہمراہ پانی بچوں کیلئے 4 رتی (1/2 گرام)

صابن اور ڈٹرجنٹ

صابن ایک انتہائی مفید چیز ہے۔ شاید ہی کوئی گھر ایسا ہو جہاں صابن استعمال نہ ہوتا ہو۔ لیکن کیا کبھی آپ نے اس بات پر غور کیا ہے کہ جب صابن ایجاد نہیں ہوا تھا تو لوگ اپنے جسم اور دیگر اشیاء کو کس طرح صاف کیا کرتے تھے۔

یونان اور روم کے لوگ نہانے کے بعد اپنی جلد کسی دھاتی آلے کی مدد سے کھرچ کھرچ کر صاف کیا کرتے تھے۔ اگر چکنائی سے بھرے برتنوں کو گرم پانی سے دھویا جائے تو ان پر چکنائی زیادہ شدت سے چپک جاتی ہے۔ لیکن اگر انہی برتنوں کو صابن یا کسی ڈٹرجنٹ سے دھویا جائے تو سب چکنائی منٹوں میں صاف ہو جاتی ہے اور برتن بھی چمکنے لگتے ہیں۔ گویا یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر صابن ایجاد نہ ہوتا تو ہماری زندگی میں گندگی اور تکلیف کا پہلو نمایاں ہوتا۔

صابن سازی کی کہانی کچھ یوں ہے کہ تقریباً 1500 سال قبل روم کے قریب ساپو ہل (Sapo Hill) نامی جگہ پر رہنے والے کسان اپنے دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لئے جانور جلایا کرتے تھے۔ ان جانوروں کی چربی آگ سے پگھل کر راکھ میں سے گزر کر نیچے چکنی مٹی میں جذب ہو جاتی تھی۔ آہستہ آہستہ ان لوگوں کو یہ معلوم ہوا کہ چربی ملی اس چکنی مٹی سے کپڑے بہت اچھے صاف ہوتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اسے میل کی صفائی کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد اس صابونی چکنی مٹی میں طرح طرح کی تبدیلیاں لائی گئیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ صابن کی شکل اختیار کر گئی۔

آج بھی صابن حیوانی چربی سے بنایا جاتا ہے۔ بعض لوگ گھروں میں گائے کی چربی سے صابن تیار کرتے ہیں۔ کپڑے دھونے والے صابن میں صرف کاسٹک سوڈا ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ حیوانی چربی کے علاوہ نباتی تیلوں سے بھی صابن تیار کیا جاتا ہے۔ تیل ایک ایسا چکنا مادہ ہوتا ہے جو عام درجہ حرارت پر مائع حالت میں رہتا ہے۔ صابن سازی کے لئے عموماً ناریل، بنولہ، مہوہ، مونگ پھلی، نیم اور سرسوں کا تیل استعمال کیا جاتا ہے۔ چکنائی میں چکنے ترشے (Fatty Acids) پائے جاتے ہیں۔ صابن بنانے کے لئے چکنائی یا چربی میں سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ (کاسٹک سوڈا) یا پوٹاشیم ہائیڈروآکسائیڈ کو کئی گھنٹوں تک ابالا جاتا ہے۔ اس قسم کے کیمیائی مرکبات الکلی (Alkali) کہلاتے ہیں۔ صابن میں خوشبو پیدا کرنے کے لئے اس میں معطر مادے شامل کر دیئے جاتے ہیں۔ جلد پر موجود نقصان دہ جراثیم ہلاک کرنے کے لئے صابن میں بعض مخصوص کیمیکل بھی شامل کئے جاتے ہیں۔ نہانے، منہ دھونے اور شیو بنانے والے صابن اور کریم کو خاص طور پر انہی مقاصد کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ نرم، ملائم اور زیادہ جھاگ پیدا کرنے والے ہوتے ہیں۔

صابن صفائی کیوں کرتا ہے؟

صابن زیادہ اور بہتر صفائی اپنے مالیکیول کے عمل کی وجہ سے کرتا ہے۔ صابن کے ہر مالیکیول کا ایک سرا پانی کے ساتھ چپکنے کی صلاحیت رکھتا ہے جبکہ دوسرا سرا پانی سے دور ہٹتا ہے اور چکنائی سے چپکنے کا رجحان رکھتا ہے۔ مالیکیول کے اس عمل کے دو اثرات ہوتے ہیں۔ صابن کے مالیکیول پانی کے مالیکیول کو کھینچ کر علیحدہ علیحدہ کرنے کا رجحان رکھتے ہیں جو پانی کی سطح پر ایک قسم کی "چادر" سی تانے رکھتے ہیں۔ جب پانی کے مالیکیول اس طریقے سے ڈھیلے پڑ جاتے ہیں تو کپ اور پلیٹیں اچھی طرح گیلی ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ انہیں صاف کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ صابن چکنائی اور تیل پر براہ راست عمل کرتا ہے کیونکہ یہ تیل یا چکنائی کو انتہائی ننھے ننھے قطروں کی شکل میں توڑ دیتا ہے اور اس حالت میں انہیں صاف کرنا بہت آسان ہوتا ہے۔

ڈٹرجنٹ

صابن اور دوسرے مادے جو صابن ہی کی طرح صفائی کرتے ہیں۔ ڈٹرجنٹ کہلاتے ہیں۔ مخصوص طریقوں سے تالیفی (Synthetic) ڈٹرجنٹ تیار کئے جاتے ہیں۔ تالیفی ڈٹرجنٹ بہت سے دھلائی والے پاؤڈروں اور برتن دھونے والے مائعات میں موجود ہوتے ہیں۔ صابن کے مقابلے میں تالیفی ڈٹرجنٹ میل میں زیادہ گہرائی تک سرایت کرتے ہیں۔ بھاری پانی میں بعض ایسے کیمیائی مرکبات شامل ہوتے ہیں۔ جو صابن کے ساتھ مل کر پھپھوندی نما جھاگ بناتے ہیں۔ اسی لئے بھاری پانی میں صابن کی پھکیاں بن جاتی ہیں۔ اور صفائی بھی ٹھیک سے نہیں ہوتی۔ تالیفی ڈٹرجنٹ بھاری یا عام دونوں قسم کے پانیوں میں بھرپور صفائی کرتے ہیں۔

10 منٹ کی دھوپ، ہڈیاں مضبوط

برطانیہ کے سائنسدانوں نے دعویٰ کیا کہ دھوپ میں وقت گزارنے سے جسم میں وٹامن ڈی کی کمی پوری ہو جاتی ہے۔ بوسٹن یونیورسٹی کے پروفیسر مائیکل ہولک کے مطابق روزانہ 10 منٹ دھوپ میں گزارنے کی وجہ سے جسم میں وٹامن ڈی کی کمی نہیں رہتی۔ جس کی وجہ سے انسانی ہڈیاں اور عضلات مضبوط رہتے ہیں جبکہ اس سے کینسر سے بچنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ (انٹرنیٹ نیوز)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61387 میں صغیر احمد اعوان

ولد عبدالغفار اعوان قوم اعوان پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ہڈیارہ ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 28-5-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد صغیر احمد گواہ شد نمبر 1 محمد احمد گواہ شد نمبر 2 عادل غفار اعوان

مسل نمبر 61388 میں سکینہ بیگم

زوجہ شریف احمد قوم مغل پیشہ خانہ داری عمر 71 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 22-7-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ -/500 روپے۔ 2۔ طلائی زیور ڈیڑھ تولہ مالیتی -/18000 روپے۔ 3۔ جمع نیشنل سیونگ اکاؤنٹ -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور بصورت منافع مبلغ -/11040 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سکینہ بیگم گواہ شد نمبر 1 شمیم احمد خالد ولد غلام رسول گواہ شد نمبر 2 شریف احمد ولد میاں نور محمد

مسل نمبر 61389 میں لقمان اسد

ولد محمد کریم قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی بشیر ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 24-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ نقد رقم -/40000 روپے۔ 2۔ چھوٹی سی دوکان (جو برائے فروخت ہے)۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد لقمان اسد گواہ شد نمبر 1 محمد کریم والد موصی وصیت نمبر 39540 گواہ شد نمبر 2 طاہر محمود ولد قمر الدین

مسل نمبر 61390 میں عصمت اسلم

زوجہ ڈاکٹر محمد اسلم جہانگیری قوم اخوان زادہ پیشہ خانہ داری عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ہری پور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 22-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 25 تولے مالیتی مالیتی -/325000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/8000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عصمت اسلم گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر محمد اسلم جہانگیری خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 ذوالفقار احمد

مسل نمبر 61391 میں نور احمد

ولد چوہدری عمر الدین قوم جٹ پیشہ بے روزگار عمر 63 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن حمید کالونی ملتان بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 19-5-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی رقبہ 9 کنال 16 مرلے واقع موضع کوٹھے والا اندازاً مالیتی -/400000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت امداد مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/6000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد نور احمد گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد ظفر مربی سلسلہ وصیت نمبر 26340 گواہ شد نمبر 2 سعید احمد سعید وصیت نمبر 25093

مسل نمبر 61392 میں ثریا بیگم

